رسائل امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ

جلد اوّل

علمی ادبی تحقیقی اور
نادر و نایاب رسائل کا ترجمہ

مصنف
امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ

قادری رضوی کتب خانہ لاہور

علمی ادبی تحقیقی اور
نادر و نایاب رسائل کا ترجمہ
رسائل امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ
امام جلال الدین سیوطی
علامہ پیر سید ظفر علی شاہ مہروی
مولانا حافظ محمد عبد الاحد قادری
جلد اوّل
قادری رضوی کتب خانہ
گنج بخش روڈ لاہور 042-7213575

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام کتاب	ــــــــ	رسائل امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ
مصنف	ــــــــ	امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ
مترجم	ــــــــ	پیر سید ظفر علی شاہ بخاری مہروی
ترتیب وتدوین	ــــــــ	حافظ محمد عبدالاحد قادری
اشاعت باراول	ــــــــ	1431ھ/2010ء
صفحات	ــــــــ	344
کمپوزنگ	ــــــــ	غلام یٰسین خان
زیرنگرانی	ــــــــ	چوہدری محمد خلیل قادری
تحریک	ــــــــ	چوہدری محمد ممتاز احمد قادری
ناشر	ــــــــ	چوہدری عبدالمجید قادری
تعداد	ــــــــ	1100
قیمت	ــــــــ	[illegible] روپے

ملنے کے پتے

مکتبہ حنفیہ گنج بخش روڈ لاہور

قادری رضوی کتب خانہ گنج بخش روڈ لاہور

Hello: 042-7213575, 0333-4383766

حضرت عیسیٰ علیہ السلام مذہب اربعہ میں کسی کی تقلید نہیں کریں گے:۔

سائل کا کہنا کہ یہ تو ثابت ہو گیا کہ وہ ہمارے نبی ﷺ کی شریعت کے مطابق حکم کریں گے اس شریعت کے ساتھ حکم کا طریق کیا ہو گا، کیا مذاہب اربعہ میں سے کسی مذہب کے ساتھ یا اجتہاد کے ساتھ حکم کریں گے۔

سائل کا یہ سوال عجیب ہے اور اس سے زیادہ عجیب اس کا یہ قول ہے کہ ''مذاہب اربعہ'' میں سے کسی مذہب کے ساتھ۔ کیا سائل کے دل میں یہ ہے کہ مذاہب اس ملت شریفہ کے ان چار میں منحصر ہیں؟ حالانکہ امت کے مجتہدین کی کثرت شمار سے باہر ہے اور ہر ایک کے لئے صحابہ، تابعین اور اتباع تابعین وغیرہ میں سے مذہب ہے۔

گذشتہ سالوں میں تقریباً دس مذاہب تھے جن کی تقلید کی جاتی تھی اور ان کی کتابیں بھی مدوّن تھیں اور چار مشہورہ (یعنی مذہب امام اعظم، امام مالک، مذہب امام شافعی، مذہب امام احمد بن حنبل رحمہم اللہ) کے علاوہ وہ دس مذاہب یہ ہیں جن کی تقلید کی جاتی رہی۔

مذہب نووی، مذہب اوزاعی، مذہب لیث بن سعد، مذہب اسحاق بن راہویہ، مذہب ابن جریر اور مذہب داؤد (ظاہری) رحمہم اللہ اور ان کے پیروکار تھے جو ان کے قول پر فتویٰ دیتے تھے پانچ صدی بعد یہ مذاہب، علماء کی موت اور عوام کی قصور ہمت کی وجہ سے معدوم ہو گئے تو مذاہب اربعہ باقی رہ گئے۔ سائل نے کس وجہ سے مذاہب اربعہ کی تخصیص کی ہے۔ پھر یہ گمان کیسے کیا جا سکتا ہے کہ نبی مذاہب میں سے کسی مذہب کی تقلید کرے حالانکہ علماء فرماتے ہیں کہ مجتہد کسی دوسرے مجتہد کی تقلید نہیں کرتا جب مجتہد احاد امت میں سے ہو کر تقلید نہیں کرتا تو نبی کے ساتھ یہ گمان کیسے کیا جا